نام: ________________ رول نمبر: ________________ سیکشن: ________________

اردو **اطلاقی گرامر: واحد جمع** جماعت: دوم

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ واحد وہ اسم ہے جو ایک چیز کے لیے بولا جائے۔ مثلاً لڑکا، کتاب اور مسجد وغیرہ

جب کہ جمع وہ اسم ہے جو ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے بولا جائے۔ مثلاً لڑکے، کتابیں اور مسجدیں وغیرہ

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| پرندہ | پرندے | بستہ | بستے |
| ستارہ | ستارے | نقشہ | نقشے |
| چمچہ | چمچے | حصہ | حصے |
| دروازہ | دروازے | قطرہ | قطرے |
| طیارہ | طیارے | قافلہ | قافلے |



1۔ درج ذیل جملے پڑھ کر خط کشیدہ واحد کے درست جمع اور جمع کے درست واحد منتخب کیجیے۔



i. نھا پرندہ اُڑ رہا ہے جب کہ باقی ________ بیٹھے ہوئے ہیں۔ (پرندے ، پرندوں)

ii. احمد نے بڑا ستارہ بنایا اور اسد نے چھوٹے چھوٹے ________ بنائے۔ (ستاروں ، ستارے)

iii. تائی جان نے ایک چمچہ اٹھایا اور آمنہ نے سب ________ اُٹھا لیے۔ (چمچے ، چمچوں)

iv. علی کے کمرے میں کئی دروازے جب کہ اسلم کے کمرے میں ایک ________ ہے۔ (دروازہ ، دروازوں)

v. ہمارا قافلہ منزل کے قریب تھا اور باقی ________ ابھی دور تھے۔ (قافلوں ، قافلے)

vi. نئے طیارے اُڑنے کے لیے تیار ہیں اور پرانا ________ کھڑا ہوا ہے۔ (طیاروں ، طیارہ)

vii. سب کے بستے ٹھیک ہیں اور میرا ________ خراب ہو گیا ہے۔ (بستہ ، بستوں)

LIVEWORKSHEETS